باسمہ البصیر نعم المولیٰ و نعم النصیر

رہبرِ متشابہات

(باعتبار پارہ)

-: جمع وترتیب :-

محمد عیاض لاڈ ساؤنگی اشاعتی

استاذ تحفیظ القرآن جامعہ اشاعت العلوم، اکل کوا

تفصیـــلات

نام کتاب : رہبرِ متشابہات (باعتبار پارہ)
مرتب : محمد عیاض لاڈ ساؤنگی اشاعتی
رابطہ : 9422766180 / 9545941599
صفحات : ۵۶ (کل آیتیں: ۴۴۰)
تعداد اشاعت : ۳۸۰۰ (چوتھا ایڈیشن - اپریل ۲۰۱۶ء)
کتابت : محمد مہر علی قاسمی (دھنباد، جھارکھنڈ) جامعہ اکل کوا
سن اشاعت : ذی الحجہ ۱۴۳۴ھ اکتوبر ۲۰۱۳ء
منجانب : عبد العلیم صاحب باغبان، مولانا سمیر صاحب اشاعتی لاڈ ساؤنگی
قیمت :

ملنے کا پتہ
شعبہ تحفیظ القرآن جامعہ اشاعت العلوم، اکل کوا، نندوربار

فہرست

تمہیدی کلمات

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم- أما بعد!

اللہ رب العالمین کا اس امتِ مسلمہ پر احسان عظیم ہے کہ اس نے اپنے نبی سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے اس امت کو قرآن مجید کی شکل میں ایک عظیم تحفہ عنایت فرمایا۔ اس کے الفاظ کی تلاوت کو باعثِ اجر وثواب اور اس پر عمل پیرا ہونے کو اُخروی فلاح کا ذریعہ بنایا؛ نیز اُس پر عمل کرنے کی قوت عطا فرمائی، اس کے معانی کو سمجھنے کی صلاحیت بخشی، اسی طرح اس کے یاد کرنے کو آسان فرمادیا؛ یہی وجہ ہے کہ عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر آج تک ہر زمانہ میں اس کے حفاظ، کثیر تعداد میں موجود رہے اور انشاء اللہ تا قیامت رہیں گے۔ یہ وہ آفاقی اور لاثانی کتاب ہے جس کی حفاظت کا ذمہ خود حق تعالیٰ نے لیا اور حفاظت کی مختلف شکلیں پیدا فرمائی۔ چناں چہ یہ کتابِ مقدس ہر طرح کی تغیرات اور تبدیلیوں سے محفوظ رہی اور قیامت تک رہے گی۔ خدمتِ قرآن کے لیے امت میں مختلف طریقے اختیار کیے گئے، من جملہ ان کے ایک طریقہ مدارس اسلامیہ کا قیام بھی ہے۔ ان مدارس میں معصوم اور کم سن بچے ایسے عظیم اور ثقیل کتاب کو اپنے سینوں میں محفوظ کرتے ہیں، انہی مدارس میں سے ایک ہمارا محبوب ادارہ جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا بھی ہے، جس نے خدمتِ قرآن کو اپنا نصب العین بنایا اور ہزاروں حفاظ امت کو بطورِ تحفہ دیئے۔ اللہ تعالیٰ رئیس الجامعہ حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی

دامت برکاتہم کو مزید ہمت اور طاقت عطا فرمائے کہ انہوں نے خدمتِ قرآن کے لیے اپنی زندگی کو وقف کر دیا، اس حقیر پر بھی اللہ تعالیٰ کا بے پناہ احسان ہے کہ اُس نے اس باوقار ادارہ کے معہد تحفیظ القرآن میں خدمت کا موقع عنایت فرمایا جس کے ذمہ دار نائب رئیس الجامعہ عالی جناب حافظ اسحاق صاحب ہیں جو شب و روز اس کی ترقی کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔ اللہ اپنی شایانِ شان انہیں اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین!

زمانۂ طالب علمی میں جب احقر کا حفظ قرآن کا سلسلہ جاری تھا جامعہ ابوہریرہؓ بدناپور میں اس وقت استاذِ محترم حافظ محمد یعقوب صاحب اشاعتی کرناٹکی (اللہ ان کو دارین میں بہترین بدلہ نصیب فرمائے) نے آیات متشابہات کو ذہن نشین کرنے کی بہترین ترتیب بتائی تھی اس لیے آج تدریس کے زمانہ میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ حسبِ استطاعت آیاتِ متشابہات کو حل کر دیا جائے۔ توفیق خداوندی کے ساتھ ساتھ اس کا فضل بھی شامل حال رہا اور اساتذہ کی دعائیں ملتی رہیں اسی کا نتیجہ ہے کہ یہ کتاب آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔

بارگاہ الٰہی میں دست بدعاء ہوں کہ وہ اخلاص نصیب فرمائے اور اس کو امتِ مسلمہ کے لیے عموماً نفع بخش بنائے اور حفاظ کرام کے لیے خصوصاً مفید ہو۔ آمین!

طالب دعا

محمد عیاض لاڈ ساونگی

موبائل نمبر: 9545941599

۲۷/ذی قعدہ ۱۴۳۴ھ مطابق ۴/اکتوبر ۲۰۱۳

کلماتِ عالیہ

خادم القرآن، رئیس الجامعہ

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی مدظلہٗ العالی

حامداً و مصلیاً و مسلماً

قرآن کریم اللہ کی مقدس کتاب ہے، اللہ نے اس کتاب کی حفاظت کا وعدہ کیا ہے، ہر زمانے میں اس کتاب کی ہر طرح کی حفاظت کے لیے اللہ نے افراد اور جماعتیں پیدا فرمائی جنہوں نے قرآن کریم پر کام کیا، قرآن کریم کا حفظ یہ بھی ایک بڑا اہم کام ہے۔

ہر دور میں حفظِ قرآن پر مدارس نے محنت کی اور ہزاروں لاکھوں حفاظ تیار کیئے۔

حفظِ قرآن میں متشابہات کا یاد رکھنا ایک محنت طلب کام ہے، متشابہات پر بھی کئی لوگوں نے کام کیا ہے۔

اسی لائن سے جامعہ کے فاضل اور شعبۂ حفظ کے استاذ عزیزم مولانا حافظ محمد عیاض صاحب اشاعتی نے متشابہات پر جو کام کیا وہ بھی اپنی جگہ ایک مثالی کام ہے۔

اللہ ان کی محنت کو قبول فرما کر اور دیگر حفاظ کے لیے ان کی محنت قبول فرمائے۔ آمین!

(مولانا) غلام محمد وستانوی

٢/ذی الحجہ ١٤٣٤ھ مطابق ٨/١ اکتوبر ٢٠١٣ء

بروز منگل

دعائیہ کلمات

نمونۂ سلف، حضرت نائب رئیس الجامعہ

الحاج حافظ اسحاق صاحب وستانوی مدفیوضہم العالی

آیاتِ متشابہات سے متعلق کتاب ''رہبرِ متشابہات'' جو آپ کے ہاتھ میں ہے اس کو احقر نے جستہ جستہ دیکھا جس کو جامعہ کے مؤقر استاذ حضرت مولانا عیاض صاحب لاڈساؤنگی اشاعتی استاذ شعبۂ تحفیظ القرآن جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا نے تقریباً چار سالہ جستجو اور کوششوں کے بعد ایک ایسی کتاب ترتیب دی جس کا ایک نیا طرز ہے، موصوف تقریباً دس سال سے خدمتِ قرآن کریم میں مصروف ہیں، اور یقیناً آیاتِ متشابہات کو عمدہ طریقہ پر ترتیب دینا بہت دشوار اور محنت طلب کام ہے، اور امید ہے کہ یہ کتاب درجۂ حفظ سے متعلق طلبہ و دیگر حفاظ کرام کے لیے اغلاطِ متشابہات سے بچنے میں معاون و مفید ثابت ہوگی، انشاء اللہ!

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کی پہلی کاوش کو نفع عام بنائے اور ان کو بہترین مصنف بنائے اور خدمتِ قرآن کے لیے قبول فرمائے۔ آمین!

(حافظ) محمد اسحاق (صاحب) وستانوی

(صدر) شعبۂ تحفیظ القرآن

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

تقریظ

استاذ حدیث وتفسیر جناب مولانا عبدالرحیم صاحب فلاحی

دامت برکاتہم/ ناظم مسابقات قرآنیہ

بسم اللہ والحمد للہ والصلوۃ علی رسو ل اللہ

قال اللہ تعا لی و تعا ونوا علی البر و التقویٰ وقال ایضًا

و ان تعدوا نعمت اللہ،لا تحصو ھا

اگر اللہ جل جلالہ کی قسم ہا قسم کی نعمتوں کا سر سری استحضار کرنے کی کوشش کی جائے ،تو بھی ہم جیسے احسان فراموش اور بے حس قسم کے افراد اس کا ادراک نہیں کر سکتے تا ہم اتنا اعتراف تو ہر دین دار فرد کو کرنا ہوگا کہ نعمت قرآن ایک ایسی نعمت ہے جو نہ صرف کتاب لا ریب بلکہ کتاب ہدایت بھی اور کتابِ پُر تاثیر بھی کتاب شفاء بھی اور اگر یہ تعبیر کریں کہ یہ کتاب دولت کونین بھی ہے تو بیجا نہ ہوگا، اس لیے کسی بھی فرد کے لیے اشتغال بالقرآن سب سے بڑی سعادت ہے اور اعراض عن القرآن سب سے بڑی شقاوت ہے حتی المقدور صحت لفظی کے ساتھ قرآن کو یاد کرنا، تلاوت کرنا، اس کا سمجھنا، اس پر عمل کرنا، اس کی ہر نوع کی تبلیغ کرنا اور اس کی تعلیم وتسہیل کی فکر کرنا یہ بھی اشتغال بالقرآن کا اہم حصہ ہے۔ اور وابستگیٔ قرآن ہی وہ نعمتِ عظمیٰ ہے جس کی وجہ سے قوموں کو عروج وزوال نصیب ہوتا ہے جیسا کہ ارشاد نبوی ہے: **ان اللّٰہ یرفع بھذا الکتاب اقواما و یضع بہ آخرین** – اس قرآن مقدس کے صدقہ قومیں پروان چڑھتی ہے۔

بہرحال! ہر دور ہر زمانہ میں ملتِ اسلامیہ کے مشتغلین بالقرآن نے قرآن پاک کے سلسلہ کی مختلف النوع خدمات انجام دی کسی نے معانی قرآن کو کسی نے الفاظِ قرآن، کسی نے بلاغتِ قرآن تو کسی نحو قرآن۔ ایک باذوق طبقہ ایسا بھی ہر دور میں رہا جس نے متشابہات الفاظِ قرآنی (یعنی ایک جیسے قرآنی کلمات وآیات) کو اپنی محنت کا میدان بنایا اس میں کسی نے سور قرآن کی ترتیب اپنائی تو کسی نے پارے کی ترتیب اختیار کی تو کسی نے ابتدائے آیات کے اعتبار سے متشابہات کو جمع کیا تو کسی نے مضامین قرآنی کے اعتبار سے۔ بہرحال اچھا کام جو کرے، جہاں کرے، مفصل کرے کہ مختصر کرے وہ کام' کام ہے۔ اس کی قدر کرنا، حوصلہ افزائی کرنا، ہمت بڑھانا ہر مومن کا اخلاقی فریضہ ہے۔ بڑی خوشی اور انتہائی مسرت کا مقام ہے کہ ہمارے جامعہ کے ہونہار، ہوشیار، خاموش مزاج، خوش کردار و خوش اخلاق فاضل عزیزم مولانا عیاض لاڈساونگی اشاعتی استاذ تحفیظ القرآن جامعہ اکل کوا نے ایک البیلی انوکھی کتاب متشابہات القرآن کے موضوع پر پاروں کی ترتیب سے جمع کی ہے۔ اس کا مسودہ میں نے خود دیکھا، جامعہ کے کئی اساتذۂ حفظ نے خصوصاً صدر تحفیظ القرآن جناب قاری نثار صاحب مظاہری نے اس کی تصویب وتحسین فرمائی ہے۔ مرتب جامعہ تحفیظ القرآن میں تقریباً ایک دہائی سے وابستہ ہے۔ لگ بھگ پچاس طلبہ کو حافظ بنانے کی سعادت حاصل ہے، ایسے شخص نے اپنے طلبہ کی سہولتِ حفظ کے لیے کیا کچھ عرق ریزی نہ کی ہوگی۔

اللہ پاک سے دعا ہے کہ اس کتاب کو قبولیت عامہ وتامہ نصیب فرمائے۔ اس کتاب کو حفظ قرآن سے وابستہ ہونے والوں کے لیے رہبر راہ ثابت فرما کے کتاب کو ان کے والدین، اساتذہ، محسنین ومعاونین کے حق میں ذخیرۂ آخرت بنا کر فلاح وکامیابی کا ضامن بنائے۔ آمین!

فقط۔ (مولانا) عبدالرحیم صاحب فلاحی

تقریظ

استاذ الاساتذہ، صاحبِ تصانیف

حضرت مولانا محمد مرشد صاحب قاسمی

استاذ الفقہ والحدیث والتفسیر جامعہ اکل کوا، نندوربار، مہاراشٹر

باسمہٖ تعالیٰ

حامدًا و مصلیًا و مسلمًا!

اللہ کی ذات بے نظیر اور بے مثال ہے، تو اس کی ذات سے نکلا ہوا کلام بھی بے مثل اور بے نظیر ہے جس کے مقابلے کی بڑے بڑے شعراء اور ادباء جرأت نہ کر سکے۔ اور قرآن کریم کا اعجاز ظاہر ہو کر رہا اور اس کے اعجاز کے سامنے ماہر عربی دانوں کو بھی گھٹنے ٹیک دینے پڑے۔ قرآن کریم میں اللہ نے کئی طرح کے اعجاز رکھے ہیں، اس کے الفاظ و تعبیرات جہاں معجز ہیں وہیں اس کے معانی بھی معجز ہیں، اللہ نے حروف مقطعات کے معانی کو چھپا کر اس کے معانی کے اعجاز کو ظاہر فرمایا کہ ان حروف مقطعات کو سن کر اہلِ عرب حیران و ششدر ہو جاتے کہ حروف تو وہی ہیں جن کا ہم تکلم اور تلفظ کرتے ہیں لیکن معانی کیوں نہیں سمجھ پا رہے ہیں۔

قرآن کریم کا ایک اعجازی پہلو یہ بھی ہے کہ بہت سے مقامات پر ایک جیسے جملے اور

کلمات معمولی فرق کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں جسے یاد کرنا اور یاد رکھنا عموماً ماہر حافظوں کے لیے بھی مشکل ہوتا ہے جس کو حفاظ کی اصطلاح میں متشابہات کہتے ہیں۔ متشابہات کی یاد دہانی کو آسان بنانے کے لیے علماء نے ہر زمانے میں مختلف انداز سے کام کیا ہے۔ انہیں کوششوں کا ایک گوشہ جامعہ اکل کوا کے ایک ہونہار اور صالح نوجوان فاضل عزیز القدر مولوی عیاض سلمہٗ کے حصہ میں آیا، انہوں نے تقریباً ۴۴۰ر متشابہ آیتوں کو مرتب کیا اور ان کی شناخت اور حفظ کی آسانی کے لیے ہر پارے کے نام کے کسی حرف کو علامت اور نشانی مقرر کیا جس سے ذہن میں اس کا جمنا آسان ہوگیا۔ یہ ایک کامیاب اور مفید کوشش ہے خود احقر نے بھی اس سے بعض مقامات پر فائدہ اٹھایا۔

دعاء ہے کہ اللہ اسے قبولیت نصیب فرمائے اور حفاظ طلبہ کے لیے مفید تر اور مؤلف کے لیے ذریعہ نجات بنائے۔ آمین!

(مولانا) محمد مرشد قاسمی

۱۳ر ذی قعدہ ۱۴۳۴ھ، یوم جمعہ بعد مغرب

سمجھنے کا طریقہ

احقر نے اس کو سمجھنے کا معیار قرآن کے پاروں کے ناموں کو بنایا ہے۔ جیسے **قال الملأ** پ۹/ **وقال الذین** پ۱۹/ **اقترب للناس** پ۱۷/وغیرہ؛ ہر آیت کے سمجھنے کے لیے پارے کا نام ذہن میں رکھنا ضروری ہے۔ کتاب میں یہ آسانی کی گئی ہے کہ ہر پارے کی آیات متشابہات ایک ساتھ جمع کر دی گئی ہیں جیسے اگر پہلا پارہ **الم** کا پڑھنا ہے یا تراویح میں سنانا ہے تو اس کو ایک ہی جگہ دیکھ سکتے ہیں۔

اس کے چند طریقے ہیں، مثلاً:

☆ دو آیتیں ہیں تو دونوں آیتوں میں کوئی ایک حرف ایسا ہوگا جو پارے کے نام میں ہوگا اس کی وضاحت ہر آیت کے ساتھ کر دی گئی ہے۔

☆ دو پاروں میں دو آیتیں ہیں کہیں پر ایسا ہے کہ دونوں مقامات پر پارے کے نام کے ساتھ آیت ملی ہوئی ہے اور کہیں پر نہیں ملی ہوئی ہے اس مقام پر ایک آیت کو پارے کے حرف کے ساتھ یاد رکھیں گے، دوسری آیت خود بخود یاد ہو جائے گی۔

مثال کے طور پر: **قال نعم وانکم اذالمن المقربین** پ۱۹/میں ہے، پارے کا نام وقال الذین ہے، وقال الذین میں ذال ہے تو ذال کے ذریعہ یہ طے ہو گیا کہ یہ آیت ۱۹/ویں پارے کی ہے۔

ایسی ہی آیت پ۹/میں ہے، **قال نعم وانکم لمن المقربین** دونوں پاروں کے ناموں میں فرق ذال کا ہے۔

☆ دوسری آیتوں میں کسی بھی لفظ کو لیا جا سکتا ہے جیسے قاف، واؤ، نون جس لفظ کی طرف اشارہ کیا جائے گا وہ لفظ دوسرے پارے کے نام میں ہوگا، اگر پارے کے نام میں وہ لفظ نہ ہوگا تو پارے کا نمبر ذکر ہوگا، جیسے لَنْ تَنَالُوْا اور لَوْ اَنَّنَا دونوں پاروں میں تاء ہے ایک پارے کے نام میں ہے۔

☆ کچھ مقامات پر حرکات یعنی زبر، زیر، پیش کے ذریعہ بھی اشارہ کیا جائے گا جیسے زیر ایک پارے کے نام میں ہے دوسرے پارے کے نام میں زیر نہیں ہوگا۔

☆ کچھ مقامات پر ایسا بھی ہے کہ ایک لفظ دو پاروں کے ناموں میں ہے تو ایسے مقامات پر پہلے لفظ کو مقدم رکھا گیا اور یہ صورت دو یا تین مقامات پر ہی پیش آئے گی۔

سوال: اس کتاب میں رکوع نمبر اور آیت نمبر کیوں نہیں ہے؟

جواب: اس کتاب کی ہر آیت ایسی ہے جو پارے میں ایک مرتبہ ہے، پارہ متعین ہونے کے بعد رکوع اور آیت نمبر کے ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

آخری گزارش:

اس کو زیادہ مشکل نہ سمجھیں صرف پارے کے نام پر غور کرتے رہے تو دورانِ تلاوت یاد آ جائے گا کہ یہ ہے۔

(۱) الم

☆ ذٰلِکَ بِمَا عَصَوْا وَّکَانُوْا یَعْتَدُوْنَ o إِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَادُوْا.

(الم کے شروع میں الف یَعْتَدُوْن کے بعد بھی ہمزہ)

☆ ذٰلِکَ بِمَا عَصَوْا وَّکَانُوْا یَعْتَدُوْنَ o لَیْسُوْا سَوَآء.

(لن تنالوا کے شروع میں لام ''یَعْتَدُوْن'' کے بعد بھی لام)

☆ ذٰلِکَ بِمَا عَصَوْا وَّ کَانُوْا یَعْتَدُوْن o کَانُوا لَا یَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْکَرٍ.

(پ۶)

(۲) سیقول

☆ اولو کان آباء هم لا یعقلون شیئًا ولا یهتدون.

(سیقول میں 'قاف' لا یعقلون میں بھی 'قاف')

☆ او لو کان آباء هم لا یعلمون شیئًا ولا یهتدون.

(واذا سمعوا میں 'عین' لا یعلمون میں بھی 'عین')

☆ ان فی خلق السموت و الارض واختلاف اللیل والنهار والفلک التی.

(سیقول میں 'واؤ' والنهار کے بعد 'واؤ')

☆ ان فی خلق السموت والارض واختلاف اللیل والنهار لایت لاولی الالباب. (لن تنالوا میں شروع لفظ 'لام' ہے و النهار کے بعد 'لام' ہے)

☆ أُولٰئِکَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰی وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ.

(سیقول میں واو بالهدی کے بعد واو)

☆ أُولٰئِکَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُ الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰی فَمَا رَبِحَتْ تِجَارَتُهُمْ. (پ۱)

☆ فَتَابَ عَلَیْکُمْ وَ عَفَا عَنْکُمْ. (سیقول میں واؤ علیکم کے بعد واؤ)

☆ فَتَابَ عَلَیْکُمْ انه هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ.

(آلم میں الف علیکم کے بعد ہمزہ)

☆ فَتَابَ عَلَیْکُمْ فَاقْرَءُ وُا مَا تَیَسَّرَ مِنَ القرآن (پ۲۹)

☆ اولٰئک مایأکلون فی بطونهم الا النار.

(سیقول میں ی ما کے بعد یأکلون میں ی)

☆ اولٰئک ماکان لهم ان یدخلوها الا خائفین. (پ۱)

☆ هل ینظرون الا ان یاتیهم اللّٰه فی ظلل من الغمام والملائکة وقضی الامر.

(یأتیهم میں ی سیقول میں بھی یاء)

☆ هل ینظرون الا ان تاتیهم الملائکة. (پ۸، ۱۴)

☆ لا یخفف عنهم العذاب ولا هم ینظرون والٰهکم الٰه واحد.

(سیقول میں واؤ ینظرون کے بعد واؤ)

☆ لا یخفف عنهم العذاب ولا هم ینظرون الا الذین تابوا من بعد. (پ۳)

وَإِلٰهُکُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ (سَیَقُوْلُ) میں واؤ وَإِلٰهُکُمْ میں واؤ.

إِلٰهُکُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ. (پ۱۴)

(۳) تلک الرسل

☆ ان الله ربی وربکم فاعبدوه.

(تلک الرسل میں ’راء‘ ہے الله کے بعد ’راء‘ ہے)

☆ ان الله هو ربی وربکم فاعبدوه.

(الیه یرد میں الله کے بعد ’ھ‘ پارے کے شروع میں الیه میں ’ھ‘)

☆ قل لِلَّذِیْنَ کفروا ستغلبون وَ تحشرون اِلٰی جَهَنَّم

(تلک الرسل میں سین کفروا کے بعد سین)

☆ قل للذین کفروا ان ینتهوا یغفر لَهُمْ مَا قَدْ سَلَف .

(قال الملأ میں ہمزہ کفروا کے بعد ہمزہ)

☆ قالت رب انی یکون لی ولد ولم یمسسنی بشر.

(تلک الرسل میں راء قالت کے بعد راء)

☆ قالت انی یکون لی غلام و لم یمسسنی بشر.

(قال الم میں ہمزہ قالت کے بعد ہمزہ)

(٤) لن تنالوا

☆ سنلقی فی قلوب الذین کفروا الرعب. (لن تنالوا شروع میں لام کے بعد نون ہے سنلقی میں بھی نون ہے)

☆ سألقی فی قلوب الذین کفروا الرعب.

(قال الملأ میں ہمزہ آخر میں سألقی میں بھی ہمزہ)

☆ و ما جعله اللّٰه الا بشری لکم و لتطمئن قلوبکم به.

(لن تنالوا میں لام بشری کے بعد لام)

☆ و ما جعله الله الا بشری و لتطمئن به قلوبکم. (۹)

☆ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ.

(لَنْ تَنَالُوْا کے شروع میں لام بَيَّنَّا کے بعد لام)

☆ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ.

(آلم کے شروع میں الف بینا کے بعد ہمزہ)

☆ قَدْ بینا لَكُمُ الاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تعقلون.

(قال فما خطبکم میں لام بینا کے بعد لام)

☆ و كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَ أَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰه.

(لن تنالوا میں واؤ کیف سے پہلے واؤ)

☆ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰه وَ كُنْتُمْ أَمْوَاتًا. (پ۱)

☆ ولا تكونوا كَالَّذِيْنَ تفرقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْ بعد ما جاء هم البينٰت.

(لن تنالوا میں تاء تفرقوا میں تاء)

☆ ولاتكونوا كالذين قالوا سمعنا و هم لا يسمعون.

(قال الملأ میں قاف قالوا میں قاف)

☆ وَلَاتَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ. (پ۱۰)

☆ وَلَاتَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسوا اللّٰه فانسٰهم. (پ۲۸)

☆ واتقوا اللّٰہ الذی تساء لون بہٖ والارحام.

(لن تنالوا میں تاء الذی کے بعد تاء)

☆ واتقوا اللّٰہ الذی انتم بہٖ مومنون.

(واذا سمعوا میں ہمزہ الذی کے بعد ہمزہ)

☆ واتقوا اللّٰہ الذی الیہ تحشرون. (واذا سمعوا میں ہمزہ الیہ میں ہمزہ)

☆ قُلْ یٰا أَھْلَ الْکِتَابِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ مَنْ اٰمَن تَبْغُوْنَھَا عِوَجًا.

(لَنْ تَنَالُوْا میں تاء آمنَ کے بعد تَبْغُوْنَھَا میں تاء)

☆ وَ لَا تَقْعُدُوْا بِکُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ مَنْ اٰمَنَ بِہٖ وَ تَبْغُوْنَھَا عِوَجًا. (پ۸)

(۵) والمحصنت

☆ افلا یتدبرون القرآن و لو کان من عند غیر اللہ.

(والمحصنت میں واوَ القرآن کے بعد واوَ)

☆ افلا یتدبرون القرآن ام علی قلوب اقفالھا. (پ۲۶)

☆ وللہ ما فی السمٰوات و مَا فِیْ الأرض.

(و المحصنٰت کے شروع میں واوَ للہ سے پہلے واوَ)

☆ وللہ ما فی السمٰوات و ما فی الارض.

(لن تنالوا میں واوَ للّٰہ سے پہلے واوَ)

☆ للہ ما فی السمٰوات وما فی الارض. (پ۳)

وَمَنْ أَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ اِللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا

(والمحصنت کے شروع میں واؤ واتبع میں واؤ)

وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِا لْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى (پ۲۱)

(٦) لا يحب الله

☆ واذ قال موسٰی لقومه يقوم اذكروا.

(لا یحب الله میں ی لقومه کے بعد ی)

☆ واذ قال موسى لقومه اذكروا. (پ۱۳)

☆ ومثله معه ليفتدوابه. (لایحب الله میں 'ی' لیفتدوا میں بھی 'ی')

☆ ومثله معه لفتدوابه. (پ۲۴/۱۳)

☆ يٰايها الذين اٰمنوا كونوا قوامين للّٰه شهداء بالقسط.

(لا یحب الله میں 'لام' قوامین کے بعد 'لام')

☆ يايها الذين آمنوا كونوا قوامين بالقسط شهداء للّٰه. (پ۵)

☆ وَ اِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَکٍّ مِنْهُ. (لایحب اللّٰه میں ہاء فیه میں ہاء)

☆ وَ اِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْ الْكِتَابِ لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ. (پ۲)

☆ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَقْتُلُوْنَ لَايُحِبُّ اللّٰهُ میں یا یقتلون میں بھی یاء

☆ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ (پ۱)

فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَأَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ (لایحب اللّٰه میں هاء منه میں هاء)

فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَأَيْدِيْكُمْ (پ۵)

(۷) و اذ سمعوا

☆ لا یؤاخذکم اللّٰہ باللغو فی ایمانکم ولکن یؤاخذکم بما عقدتم الأیمان.

(واذ سمعوا میں عین ہے بما کے بعد عین ہے)

☆ لا یؤاخذکم اللہ باللغو فی ایمانکم ولکن یؤاخذکم بما کسبت قلوبکم. (پ۲)

☆ و ذرِ الذین اتخذوا دینھم لعبا ولھوا. (واذا سمعوا میں عین لعبا پہلے)

☆ الذین اتخذوا دینھم لھوا ولعبا. (پ۸)

☆ وَمِنۡهُمۡ مَنۡ یَّسۡتَمِعُ اِلَیۡکَ وَجَعَلۡنَا عَلٰی قُلُوۡبِهِمۡ اَکِنَّةً.

(واذا سمعوا کے شروع میں واو الیک کے بعد واو)

☆ وَمِنۡهُمۡ مَنۡ یَّسۡتَمِعُ اِلَیۡکَ حَتّٰی اِذَا خَرَجُوۡا مِنۡ عِنۡدِکَ.

(حٰم کے شروع میں حاء الیک کے بعد حاء)

☆ وَاِنۡ یَّمۡسَسۡکَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلا کَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ وَاِنۡ یَّمۡسَسۡکَ بِخَیۡرٍ فَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ. (واذا سمعوا میں سین وان یمسسک میں سین)

☆ وَ اِنۡ یَّمۡسَسۡکَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلا کَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ وَ اِنۡ یُّرِدۡکَ بِخَیۡرٍ فَلا رَآدَّ لِفَضۡلِهٖ. (یعتذرون میں راء یُّرِدۡکَ میں بھی راء)

☆ وَ یَوۡمَ نَحۡشُرُهُمۡ جَمِیۡعًا ثُمَّ نَقُوۡلُ لِلَّذِیۡنَ اَشۡرَکُوۡا اَیۡنَ شُرَکَآءُکُمُ الَّذِیۡنَ کُنۡتُمۡ تَزۡعُمُوۡنَ. (وَ اذا سمعوا میں ہمزہ اشرکوا کے بعد ہمزہ)

☆ وَ یَوۡمَ نَحۡشُرُهُمۡ جَمِیۡعًا ثُمَّ نَقُوۡلُ لِلَّذِیۡنَ اَشۡرَکُوۡا مَکَانَکُمۡ. (پ۱۱)

☆ یخرج الحیَّ من المیت و مخرج المیتِ من الحیِّ.

(و اذا سمعوا میں میم مخرج میں میم)

☆ وَ من یُخرجُ الحیَّ من المیتِ و یخرج المیت من الحی.

(یعتذرون میں یاء یخرج میں یاء)

☆ فَانْ تَوَلَّیْتُمْ فاعلموا أنَّما عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلاغُ الْمُبِیْن.

(و اذا سمعوا میں عین تولیتم کے بعد فاعلموا میں عین)

☆ فَانْ تَوَلَّیْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلاغُ الْمُبِیْن. (پ۲۸)

☆ قُلْ سِیْرُوْا فِیْ الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَةُ الْمُکَذِّبِیْنَ.

(واذا سمعوا میں ذال المکذبین میں بھی ذال)

☆ قل سیروا فی الارض فانظروا کیف کان عاقبة المجرمین . (پ۲۰)

☆ وکیف أخاف ما اشرکتم ولا تخافون انکم اشرکتم باللّٰہ مالم ینزل بہٖ علیکم سلطانًا. (و اذا سمعوا میں عین، ینزل بہٖ کے بعد عین)

☆ ویعبدون من دون اللہ مالم ینزل بہٖ سلطانًا.

(اقترب للناس میں سین ینزل بہٖ کے بعد سین)

☆ وان تشرکوا باللّٰہ مالم ینزل بہٖ سلطانًا. (پ۸)

☆ بما اشرکوا باللہ مالم ینزل بہٖ سلطانًا. (پ۴)

(واذا سمعوا میں ذال ، کذبوا میں بھی ذال)

☆ قد خسر الذین کذبوا بلقاء اللّٰہ.

(یعتذورن میں ذال ، کذبوا میں بھی ذال)

☆ قد خسر الذین قتلوا اولادھم. (پ۸)

☆ وزکریا و یحیٰی وعیسٰی و الیاس.

(واذا سمعوا میں واؤ وزکریا کے بعد واؤ)

☆ وزکریا اذ نادیٰ ربه رب لا تذرنی فردًا وانت خیرالوارثین.

(اقترب للناس کے شروع میں ہمزہ وزکریا کے بعد ہمزہ)

☆ وَ هٰذَا كِتَابٌ اَنۡزَلۡنٰـهُ مُبٰرَكٌ مُصَدِّقُ الَّذِىۡ بَيۡنَ يَدَيۡهِ.

(وَ اِذَا سَمِعُوۡا میں میم مُبٰرَكٌ کے بعد مصدق میں میم)

☆ وَ هٰذَا كِتَابٌ اَنۡزَلۡنٰـهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوۡهُ وَاتَّقُوۡا لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ. (پ۸)

☆ اَلۡيَوۡمَ تُجۡزَوۡنَ عَذَابَ الۡهُوۡنِ بِمَا كُنۡتُم تَقُوۡلُوۡنُ عَلَى اللّٰهِ غَيۡرَ الۡحَقِّ.

(و اذا سمعوا میں عین تجزون کے بعد عذاب میں عین)

☆ اَلۡيَوۡمَ تُجۡزَوۡنَ مَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ. (پ۲۵)

☆ اَلا سآء ما یزرون ۰ و ما الحیٰوۃ الدنیا الا لعب و لهوٌ.

(و اذا سمعوا میں واؤ یزرون کے بعد واؤ)

☆ اَلا سآء ما یزرون ۰ قد مکر الذین من قبلهم. (پ۱۴)

(۸) ولو اننا

☆ ادخلوا الجنة لا خوف عليكم ولا انتم تحزنون.

(ولو اننا میں لام جنت کے بعد لام)

☆ ادخلوا الجنة انتم وازواجكم تحبرون.

(اليه يرد کے شروع میں ہمزہ جنت کے بعد ہمزہ)

☆ والشمس والقمر والنجومَ مسخرٰتٍ بامره.

(ولو اننا کے واؤ پر زبر ہے، النجوم پر بھی 'زبر' اور مسخرت کے نیچے 'دوزیر' ہے)

☆ والشمس والقمر والنجومُ مسخرتٌ بامره.

(ربما کی راء پر پیش النجوم پر بھی پیش اور مسخرت کی تاء پر بھی پیش ہے)

☆ سقنه لبلد ميت فأنزلنا. (ولو أننا میں لام فانزلنا میں بھی لام)

☆ فسقنه الى بلد ميت فاحيينا. (پ۲۲)

☆ قَالَ إِنَّکَ مِنَ الْمُنْظَرِيْن . (ولوأننا میں ہمزہ إنّک میں ہمزہ)

☆ قَالَ فَإِنَّکَ مِنَ الْمُنْظَرِيْن . (پ:۲۳/۱۴)

☆ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِى الْفُلْكِ.

(پ۸) (و لو انّنَا میں ہمزہ فانجينٰه میں ہمزہ)

☆ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِى الْفُلْكِ . (پ۱۱)

☆ ولكل امة اجل. (و لو اننا کے شروع میں واؤ ولكل کے شروع میں واؤ)

☆ لكل امة اجل . (پ۱۱)

☆ قال الملأ الذين كفروا من قومهٖ انا لنرٰك فی سفاهة وانا لنظنک من الكٰذبين. (ولوانّنا میں ہمزہ قومهٖ کے بعد ہمزہ)

☆ فقال الملأ الذين كفروا من قومهٖ ما نرٰک إلا بشراً مثلنا.

(وما من دابة میں میم قومهٖ کے بعد میم)

☆ قال انظرنی الٰی یوم یبعثون. (ولوانّنا میں ہمزہ قال کے بعد ہمزہ)

☆ قال رب فانظرنی الٰی یوم یبعثون. (ربما میں راء قال کے بعد راء)

☆ قال رب فانظرنی الٰی یوم یبعثون. (پ۲۳)

☆ ام كنتم شهداء إذ وصّٰكم الله بهذا. (و لو اننا میں واؤ إذ کے بعد واؤ)

☆ اَمْ كنتم شهداء اِذْ حَضر يعقوب الموت. (پ۱)

☆ سيصيب الذين اجرموا صغار عند الله وعذاب شديد بما كانوا يمكرون.

(ولو أننا میں ہمزہ سیصیب الذین کے بعد ہمزہ)

☆ سيصيب الذين كفروا منهم عذاب اَليم. (پ۱۰)

☆ إِنَّا لَنَرٰکَ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ، إِنَّا لَنَرٰکَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَإِنَّا لَنَظُنُّکَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ. (وَلَوْ أَنَّنَا میں لام لَنَرٰکَ میں لام)

☆ إِنَّا نَرٰکَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ. (پ۱۲،۱۳)

☆ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٍ.

(وَلَوْ أَنَّنَا) میں همزه عَذَاب کے بعد أَلِيْمٌ میں همزه)

☆ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ.

(وَقَالَ الَّذِيْنَ) میں یا عَذَاب کے بعد یَوْمٌ میں یا)

☆ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ. (پ۱۲)

(۹) قال الملأ

☆ وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا.

(قال الملأ کے شروع میں قاف ایاتنا کے بعد قاف)

☆ وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذا. (پ۲۲)

☆ وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا. (پ۱۶/۲۶)

☆ وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قال الذين لايرجون. (پ۱۱)

☆ اولئک هم المؤمنون حقا. (قال الملأ میں میم المؤمنون میں بھی میم)

اولٰئک هم الكفرون حقا. (پ۶)

☆ يسئلونک عن الساعة ايان مرسٰها قل انما علمها.

(قال الملأ کے شروع میں ق مرسٰها کے بعد قاف)

☆ يسئلونک عن الساعة ايان مرسٰها فيم أنت من ذكرٰها. (پ۳۰)

☆ هٰذا بصائر من ربكم وهدى و رحمة لقوم يؤمنون.

(قال الملأ میں میم بصائر کے بعد میم)

☆ هٰذا بصائر للناس و هدًى و رحمة لقوم يوقنون. (پ۲۵)

☆ واذ قیل لهم اسکنوا هذه القریة و کلو منها حیث شئتم وقولوا حطة.

(قال الملأ میں قاف شئتم کے بعد وقولوا میں قاف)

☆ وإذ قلنا ادخلوا هٰذه القرية فكلوا منها حيث شئتم رغدًا. (پ۱)

☆ یقتلون ابناء کم و یستحیون نساء کم.

(قال الملأ میں قاف یقتلون میں بھی میں قاف)

☆ یذبحون ابناء کم و یستحیون نساء کم. (پ۱)

☆ ویذبحون ابناء کم و یستحیون نساء کم. (پ۱۳)

☆ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلَ.

(قال الملأ میں میم کذبوا کے بعد میم)

☆ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلَ. (پ۱۱)

(۱۰) واعلموا

☆ ومسکن طیبة فی جنت عدن ورضوان من الله اکبر.

(واعلموا میں 'واؤ'، جنّٰت عدن کے بعد 'واؤ')

☆ ومسکن طیبة فی جنت عدن ذلک الفوز العظیم. (پ۲۸)

☆ فریضة من الله و الله علیم حکیم.

(واعلموا میں واؤ من الله کے بعد واؤ)

☆ فریضة من الله ان الله کان علیما حکیما. (پ۴)

(۱۱) یعتذرون

☆ فَاَتۡبَعَهُمۡ فِرۡعَوۡنُ وَ جُنُوۡدُهٗ. (یعتذرون میں واوٗ فرعون کے بعد واوٗ)

☆ فَاَتۡبَعَهُمۡ فِرۡعَوۡنُ بِجُنُوۡدِهٖ. (پ۱۶)

☆ ثُمَّ بَعَثۡنَا مِنۡ بَعۡدِهِمۡ مُوۡسٰى وَ هٰرُوۡنَ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ وَ مَلَائِهٖ.

(یعتذرون میں واوٗ مُوۡسٰی کے بعد واوٗ)

☆ ثُمَّ بَعَثۡنَا مِنۡ بَعۡدِهِمۡ مُوۡسٰى بِاٰيٰتِنَا اِلٰى فِرۡعَوۡنَ وَ مَلَائِهٖ فَظَلَمُوۡا بِهَا. (پ۹)

☆ وَيَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمۡ وَلَا يَنۡفَعُهُمۡ.

(یَعۡتَذِرُوۡنَ میں راء یضرهم پہلے)

☆ وَيَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنۡفَعُهُمۡ وَ لَا يَضُرُّهُمۡ. (پ۱۹)

☆ اِنَّ الَّذين آمنوا وعملوا الصالحات يهديهم ربهم بايمانهم.

(یعتذرون میں ی الصالحات کے بعد ی)

☆ان الذين آمنوا وعملوا الصالحات واخبتوا اِلٰى رَبِّهم.

(وما من دابة کے شروع میں واوٗ الصالحات کے بعد واوٗ)

☆ ان الذين آمنوا وعملوا الصالحات لهم جنّٰت النعيم.

(اتل ما اوحی میں لام الصالحات کے بعد لام)

☆ لَئِنۡ اَنۡجَيۡتَنَا مِنۡ هٰذِهٖ لنكونن من الشاكرين.

(یعتذرون میں تاء انجيتنا میں بھی تاء)

☆ لئن انجٰنا من هٰذهٖ لنكونن من الشاكرين. (پ۷)

☆ هو الذی جعل الشمس ضیاء والقمر نورًا.
(یعتذرون میں نون نورًا میں بھی نون)
☆ والقمر قدرنٰه منا زل . (پ۲۳)
☆ ومنهم من یستمعون إلیک.(یعتذرون میں نون یستمعون میں بھی نون)
☆ ومنهم من یستمع الیک. (پ۷،۲٦)
☆ ربنا لا تجعلنا فتنة للقوم الظالمین. (یعتذرون میں تاء فتنة میں تاء)
☆ قالوا ربنا لا تجعلنا مع القوم الظالمین. (پ۸)
☆ واتبع ما یوحٰی الیک واصبر حتّٰی یحکم الله.
(یعتذرون کے شروع میں ی یوحٰی میں بھی یاء)
☆ اتبع ما اوحيَ الیک من ربک.
(واذا سمعوا میں ہمزہ اوحی میں بھی ہمزہ)
☆ کذلک نطبع علی قلوب المعتدین.
(یعتذرون میں نون نطبع میں بھی نون)
☆ کذلک یطبع اللّٰه علٰی قلوب الکافرین. (پ۹)
☆ قُلْ لَّآ اَمْلِکُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَ لَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ.
(یعتذرون میں راء ضَرًّا پہلے)
☆ قُلْ لَّآ اَمْلِکُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَ لَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ.(پ۹)
هُوَ الَّذِیْ یُسَیِّرُکُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ (یعتذرون میں یاء یسیر کم میں یاء)

هُوَ الَّذِیْ يُصَوِّرُكُمْ فِی الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءَ (پ۳)

وَجَآءَ تْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا

(يعتذرون میں واؤ وما كانوا میں واؤ)

وَلَقَدْ جَآءَ تْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا (پ۹)

(۱۲) وما من دابة

☆ ولئن اذقنه نعماء. (ومَا من دابة میں نون اذقنه کے بعد نون)

☆ ولئن اذقنه رحمة منا من بعد ضراء.

(اليه يرد میں راء ہے، اذقنه کے بعد راء ہے)

☆ والی مدين اخاهم شعيبًا قال يقوم اعبدوا لله مالكم من اله غيره ولا تنقصوا المكيال والميزان.

(وما من دابة کے شروع میں واؤ من اله غيره کے بعد واؤ ہے)

☆ والی مدين اخاهم شعيباً قال يقوم اعبدوالله مالكم من اله غيره قد جاء تكم. (پ۸)

☆ ولقد ارسلنا موسى باٰيتنا وسلطن مبين .

(وما من دابة میں واؤ ہے باٰيتنا کے بعد واؤ ہے)

☆ ولقد ارسلنا موسٰى باٰيتنا الى فرعون وملأه فقال انى رسول رب العلمين.

(اليه يرد میں ہمزہ باٰيتنا کے بعد ہمزہ)

☆ ولقد ارسلنا موسى باٰيتنا وسلطان مُبين. (پ۲۴)

☆ واصنع الفلک باعیننا و وحینا و لا تخاطبنی.

(وما من دابۃ کے شروع میں واؤ وحینا کے بعد واؤ)

☆ فاوحینا الیہ ان اصنع الفلک باعیننا ووحینا فاذا جاء امرنا.

(قد افلح میں 'ف' ہے ووحینا کے بعد 'ف' ہے)

☆ واتبعوا فی ھذہ الدنیا لعنۃ. (وما من دابۃ کے دال الدنیا میں بھی دال)

☆ واتبعوا فی ھذہ لعنۃ و یوم القیامہ. (یہ آیت بعد والی ہے)(سورۂ ہود ۹۹)

☆ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَیْئًا. (و ما من دابۃ میں نون تَضُرُّوْنَہ میں بھی نون)

☆ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَیْئًا. (پ۱۰)

☆ أسماءً سَمَّیْتُمُوْهَا اَنْتُم و آباءُ کم ما نزّل اللّٰہ بھا من سلطان.

(و لو اننا میں تشدید ما نزل اللّٰہ میں بھی تشدید)

☆ اسمآءً سَمَّیْتُمُوْهَا اَنْتُم و آبآء کُم ما أنزل اللّٰہ بِهَا من سلطان.

(و ما من دابۃ میں نون ساکن انزل میں بھی نون ساکن)

☆ و اخذ الذین ظلموا الصیحۃ فاصبحوا فی دیارھم جٰثمین.

☆ و اخذت الذین ظلموا الصیحۃ فاصبحوا فی دیارھم جٰثمین.

(و ما من دابۃ میں مِن میں زیر دیاریھم میں بھی دال کے نیچے زیر)

☆ فاخذتھم الرجفۃ فاصبحوا فی دارھم جٰثمین. (پ۸،۹)

☆ فکذبوہ فاخذتھم الرجفۃ فاصبحوا فی دارھم جٰثمین. (پ۲۰)

(قال الملأ، و لو اننا ، امن خلق تینوں میں زیر نہیں ہے)

☆ ولقد جآء ت رُسُلُنا ابراهیم بالبُشْریٰ قالُوْا سلٰمًا.

(ومامن دابة میں دال ولقد میں بھی دال)

☆ ولما جآء ت رُسُلُنَا ابراهیم بالبشریٰ. (پ۲۰)

(۱۳) وما ابری

☆ اذ انجٰکم من آل فرعون یسومونکم سوٓء ا لعذاب و یذبحون ابناء کم.

(وما ابری کے شروع میں واوَ یذبحون کے شروع میں بھی واوَ)

☆ و اذ نجینکم من آل فرعون یسومونکم سوٓء ا لعذاب یذبحون ابناء کم. (پ۱)

☆ جنت عدن یدخلونها و من صلح من آباء هم .

(وما ابری میں واوَ یدخلونها کے بعد واوَ)

☆ جنت عدن یدخلونها یحلون فیها. (ومن یقنت میں ی یدخلونها کے بعد ی)

☆ جنّٰت عدن یدخلونها تجری من تحتها الانهر. (پ۱۴)

☆ او لم یروا انا ناتی الارض ننقصها من اطرافها واللّٰه یحکم لامعقب لحکمه.

(وما ابرئ میں واوَ اطرافها کے بعد واوَ)

☆ افلا یرون انا ناتی الارض ننقصها من اطرافها أفهم الغالبون.

(اقترب للناس کے شروع میں ہمزہ اطرافها کے بعد ہمزہ)

☆ و ما دعاء الکفرین الا فی ضلال و للّٰه یسجد من فی السموات والارض.

(وما ابری میں 'واوَ' ہے ضلال کے بعد 'واوَ')

☆ و ما دعٰٓوء الکافرین الا فی ضلال. انا لننصر رسلنا. (پ۲۴)

☆ و لا تحسبن الله غا فلاً عما یعمل الظا لمون.

یہ آیت پہلے ہے۔(و ما ابرئ)

☆ فلا تحسبن الله مخلف وعدہ رسلہ. (سورۂ ابراہیم:۴۲)

☆ وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلاً مِنْ قَبْلِکَ.

(و ما ابرّئُ میں راء ارسلنا کے بعد راء)

☆ وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِکَ رُسُلاً . (پ۲۱)

☆ وَ قَدْ مَکَرَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَکْرُ جَمِیْعًا

